TALEEMI DUNYA

Test Syllabus: Unit # 10 (نثر: 10 استنبول،نظم ۔حمد،* غزل: ادا جعفری۔* گرائمر: اہم عبارت کی تکمیل)

St. Name		Test	Urdu	T. Marks	50	Time	60 Min
F. Name		Class	10th	T. Code	U#10	T. Date	

حصّہ معروضی

نوٹ:ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اورDدئیے گئے ہیں جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سےبھر دیجئے ۔ایک سےزیادہدائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصورہوگا۔**8**

-1	مسجد سلیمانیہ کس نے تعمیر کرائی ؟						
(A)	سلطان مراد	(B)	سنان	(C)	سلیم ثانی	(D)	سلطان عبدالحمید
-2	رنگنا سے" رنگائی" قواعد کی رو سے ہے۔						
(A)	حاصل مصدر	(B)	اسم معا وضہ	(C)	اسم حالیہ	(D)	اسم تصیغر
-3	جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے:						
(A)	صبح سے	(B)	شام سے	(C)	رات سے	(D)	ازل سے
-4	شامل نصاب"حمد" شاعر ------ کے نذرانہ عقیدت ہے۔						
(A)	حفیظ تائب	(B)	حفیظ جالندھری	(C)	احسان دانش	(D)	علامہ محمد اقبالؒ
-5	شہر میں کتنی مساجد ہیں۔						
(A)	چار سو	(B)	پانچ سو	(C)	چھ سو	(D)	ایک ہزار
-6	" نازک تھے کہیں رنگ گل وبوئےچمن سے" میں رنگ وبو سے مراد ہے:						
(A)	آداب	(B)	جذبات	(C)	تصورات	(D)	خیالات
-7	بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی کتنی اقسام ہیں۔						
(A)	دو	(B)	تین	(C)	چار	(D)	پانچ
-8	تلاوت کا درست تلفظ ہے:						
(A)	تِلاوتُ	(B)	تلاوتُ	(C)	تلاوت	(D)	تَلاوتُ

حصّہ انشائیہ

سوالنمبر2 ۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ **4**

حصہ نظم : زمین پہ جلوہ آراہیں مظاہر اس کی قدرت کے بجھائے
ہیں اس داتا نے دستر خواں نعمت کے

حصہ غزل: جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ
جلے ہیں

سوالنمبر3 ۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کانام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 05

جب نماز جمعہ ختم ہوئی تو اعلان کیا گیا کہ "مندوبین کے لئے راستہ دے دیں ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چارفیٹ کا راستہ بن گیا۔ نمازی دور و یہ کھڑے ہو گئے ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب مندو بین نہایت اطمینان سے باہر آگئے یہ تنظیم کی بات ہے ترک اب دنیا کی ایک نہایت شائستہ اور عظم قوم بن چکے ہیں ان کا یہ ڈسپلن ان کو دنیا کی بڑی قوم بنا رہا ہے

سوالنمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

1) سبق " استنبول " کے مصنف کے شریک سفر دوستوں کے نام تحریر کریں۔
2) شاعرہ اداجعفری شامل نصاب غزل کے مطلع میں کس بات پر نازاں ہے؟
3) انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟
4) "توپ کاپی" میوزیم کا تعارف اپنے الفاظ میں کرائیے۔
5) نظم اور غزل میں کیا فرق ہیں۔
6) مسجد سلیمانیہ کس نے تعمیر کرائی۔

سوالنمبر5: استنبول " کا خلاصہ لکھئے۔ 05

سوالنمبر6: "سلاب کی تباہ کاریاں " کا مضمون لکھیے۔ 10

سوالنمبر7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور وفکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے ۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچالیتا ہے اور ایک برا دوست اپنی بد کرداری کی وجہ ہے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتا بیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخرب اخلاق اور بے ہودہ کتا بیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح اچھی کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں ، سفرنا مے، تاریخ اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

سوالات کے جوابات دیں۔

1) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟
2) برا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟
3) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟
4) طالب علم کے لیے کونسی کتابیں مفید ہیں؟
5) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھئے۔